مولوی کسے کہتے ہیں

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ فرماتے ہیں

مولوی کہتے ہیں عالم، متقی، متبع سنت کو کیونکہ مولوی میں نسبت ہے مولٰی کی طرف یعنی مولٰی والا۔ سو جب تک وہ اللہ والا ہے اسی وقت تک مولوی بھی ہے۔ لائق اتباع بھی ہے اور جب اس نے رنگ بدلا، اسی وقت سے وہ مولوی نہیں رہا، نہ قابل اتباع بلکہ اس کو چھوڑ دیا جائے گا۔

(خطبات حکیم الامت ج:۲۹،ص:۳۹۰)

جنھیں کاغذ کی سند کا زعم ہے ان تک حضرت تھانوی کے اس ارشاد کو ضرور ارسال کیجیے۔